فوری ریلیز کے لیے: 3/8/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL اور میئر ADAMS نے کلین ہیٹ فار آل چیلنج کے حصے کے طور پر NYCHA عمارتوں کی تخفیفِ کاربن کرنے کے لیے 70$ ملین کی ابتدائی سرمایہ کاری کا اعلان کیا

Midea America اور گریڈیئنٹ کو NYPA نے نئی ہیٹ پمپ ٹیکنالوجی تیار کرنے اور 30,000 ابتدائی یونٹس بنانے کے لیے منتخب کیا

گرین ہاؤس گیسوں کے خروج کم کرنے اور رہائشیوں کے آرام کو بہتر بنانے کے لیے جدید ترین حرارتی اور کولنگ حل

گورنر Kathy Hochul اور نیویارک شہر کے میئر Eric Adams نے آج اعلان کیا کہ نیویارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority، NYCHA)، نیویارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority) اور ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority) کلین ہیٹ فار آل چیلنج (#CleanHeat4All یا #CH4A) نیویارک سٹی عوامی ہاؤسنگ سہولت گاہوں میں استعمال کے لیے 30,000 نئے ہیٹ پمپ یونٹس کی تشکیل اور پیداوار میں 70$ ملین کی طے شدہ ابتدائی سرمایہ کاری کے ذریعے آگے بڑھ رہے ہیں۔ پچھلے ہفتے، NYPA بورڈ آف ٹرسٹیز نے Midea America اور گریڈیئنٹ کو سرد موسم کے پیکیجڈ ونڈو ہیٹ پمپ یونٹس کی تخلیق اور ترسیل کے لیے دو سات سالہ معاہدوں کے ذریعے فنڈز فراہم کیے ہیں۔ یہ اعلان کلین ہیٹ فار آل چیلنج کا تازہ ترین سنگ میل ہے، ایک ایسا اقدام جس کی سربراہی NYCHA، NYPA، اور NYSERDA نے ایک نئی برق کاری پروڈکٹ تیار کرنے کے لیے کی ہے جو موجودہ کثیر خاندانی عمارتوں کی حرارت اور ٹھنڈک کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کر سکتی ہے اور فوسل سے پاک حرارتی ذرائع میں منتقلی کو تیز کر سکتی ہے۔

"نیویارک آب و ہوا کے بحران اور قابل استطاعت ہاؤسنگ کی ضرورت سے نمٹ رہا ہے، اور آج ہم 70$ ملین کی انقلابی سرمایہ کاری کے ذریعے اضافی کارروائی کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "عوامی ہاؤسنگ میں گرین سرمایہ کاریوں کو ترجیح دینا اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ریاست کا جرات مندانہ آب و ہوا کا ایجنڈا - تمام نیویارک کے رہائشیوں کے لیے ابھی اور آنے والی دہائیوں تک مساوی فائدہ پہنچائے گا۔ NYCHA کے تمام رہائشی اعلیٰ معیار کے گھروں کے مستحق ہیں اور نیویارک اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کے لیے ٹھوس اقدامات کرتا رہے گا کہ رہائشیوں کو محفوظ، رہنے کے قابل، اور معیاری قابل استطاعت ہاؤسنگ حاصل ہو جس کے وہ مستحق ہیں۔"

نیویارک سٹی کے میئر Eric Adams نے کہا، "ہماری انتظامیہ تمام نیویارک کے رہائشیوں کے لیے محفوظ، اعلیٰ معیار کی، قابل استطاعت ہاؤسنگ فراہم کرنے پر مرکوز ہے، اور آج، ہم اپنے ہاؤسنگ بلیو پرنٹ کی فراہمی کا اپنا عزم پورا کر رہے ہیں جو ہمیں ایک قدم آگے بڑھاتا ہے۔ ہم پہلے سے کہیں بہتر سمجھتے ہیں کہ ہمارے شہر کے سب سے زیادہ دباؤ والے بحران ایک دوسرے سے مربوط ہیں، لیکن حل بھی مربوط ہو سکتے ہیں۔ مجھے NYCHA کے رہائشیوں کو اپنے گھروں کو گرم اور ٹھنڈا رکھنے اور ساتھ ہی ہمارے کاربن کے اثرات کو کم کرنے اور نیویارک کے رہائشیوں کو دمہ جیسے صحت کے مسائل سے بچانے میں مدد کرنے کے لیے اعلیٰ ترین ٹیکنالوجی فراہم کرنے کے لیے گورنر Hochul کے ساتھ شراکت داری کرنے پر بہت فخر ہے"

عبوری NYPA صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا، "NYPA اقدام کے پہلے وینڈرز کے انتخاب کے ذریعے کلین ہیٹ فار آل چیلنج کو آگے بڑھانے کے لیے پرجوش ہے، جو NYCHA کے رہائشیوں کے فائدے کے لیے 30,000 ہیٹ پمپ یونٹس تیار اور تخلیق کریں گے۔ عمارتوں کی تخفیفِ کاربن—ریاست کا سب سے بڑا کاربن کے خروج کا ذریعہ—گورنر کے اولوالعزم موسمیاتی تبدیلی کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے اہم ہے۔"

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی کے صدر اور CEO Doreen Harris نے کہا، "NYSERDA کو کلین ہیٹ فار آل چیلنج کی حمایت کرنے پر فخر ہے اور ان دو اختراعی کمپنیوں کو مبارکباد پیش کرتا ہے کیونکہ وہ اس سلسلے پر کام شروع کرنے والے ہیں جس کے NYCHA کے رہائشیوں کے لیے ایک موثر، کم لاگتی، تنصیب میں آسان، ہیٹنگ اور کولنگ حل ہونے کی توقع کی جاتی ہے۔ کثیر خاندانی عمارتوں میں نئی ہیٹ پمپ ٹیکنالوجی کو آگے بڑھانے اور محرومی کی شکار آبادیوں کی صحت اور راحت کو یقینی بنانے پر مشترکہ توجہ گورنر Hochul کے 2030 تک دو ملین ماحول دوست گھروں کے حصول کے عزم کی حمایت کرتی ہے اور اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ نیویارک کے تمام رہائشی صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں سے مستفید ہوں۔"

ریاست نیویارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "موجودہ اور نئی عمارتوں میں فوسل فیول پر انحصار کو کم کرنا یا ختم کرنا نیویارک ریاست کے لیے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ آج کا اعلان واضح طور پر ظاہر کرتا ہے کہ کس طرح ریاست اور مقامی حکومت ہمارے ہاؤسنگ سٹاک کے لیے تخفیفِ کاربن کرنے کی اجتماعی کوششیں، ماحول دوست قابل استطاعت گھر بنانے کے ساتھ ساتھ نیویارک کے تمام رہائشیوں کے لیے صحت مند، محفوظ تر، اور زیادہ لچکدار کمیونٹیز بنائیں گی۔"

نیویارک سٹی کی ہاؤسنگ اتھارٹی کی صدر اور CEO Greg Russ. "الیکٹرک ہیٹنگ اور کولنگ کے لیے ایک موثر اور معقول حل کی کمی ہمارے کاربن کے خروج کے اثرات کو بامعنی طور پر کم کرنے کے لیے بنیادی رکاوٹوں میں سے ایک ہے، خاص طور پر بہت سی اونچی رہائشی عمارتوں کے لیے جو ہمارے پورٹ فولیو پر مشتمل ہیں۔ یہ اختراعی سرکاری نجی شراکت داری فائدہ مند برق کاری کی امید افزا ٹیکنالوجی کو ریاست ہائے متحدہ کی سب سے بڑی عوامی ہاؤسنگ اتھارٹی تک پہنچا کر، NYCHA کو کم کاربن کے حامل مستقبل کی طرف لے جانے میں مدد کرتی ہے۔"

ہیٹ پمپ ٹیکنالوجی موسم کے لحاظ سے اندرونی اور بیرونی جگہوں کے درمیان گرمی کو منتقل کر کے ایک ہی یونٹ سے موثر ٹھنڈک اور حرارت فراہم کرتی ہے۔ یہ عمل ریفریجریشن سائیکل کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے، جو روایتی حرارتی نظام سے چار گنا زیادہ موثر ہو سکتا ہے، جیسے بوائلر، جو حرارت پیدا کرنے کے لیے فوسل ایندھنوں کے آن سائٹ احتراق پر انحصار کرتے ہیں۔ زیر استعمال یونٹس میں بالخصوص، ہیٹ پمپس کی تنصیب کا عمل مشکل ہوتا ہے۔ نتیجے کے طور پر، بہت سے آپریٹرز فوسل فیول کے نظاموں کی غیر معمولی تبدیلی کے حق میں برقی تبادلے میں تاخیر کو ترجیح دیتے ہیں۔

اگلے سال کے دوران، NYPA ٹیسٹنگ اور مظاہرے کے لیے مجوزہ ہیٹ پمپ ٹیکنالوجی تیار کرنے کے لیے Midea America اور گریڈیئنٹ کے ساتھ تعاون کرے گا۔ NYPA اس کے بعد NYCHA کے ساتھ 60 تیار کردہ یونٹوں کو نامزد عوامی ہاؤسنگ میں نصب کرنے کے لیے تعاون کرے گا تاکہ اگلے سالوں میں 30,000 یونٹس کی وسیع پیمانے پر تنصیب کے ساتھ آگے بڑھنے سے پہلے موسم سرما کے دوران ان کی جامع نگرانی کی جائے اور جائزہ لیا جائے۔

کلین ہیٹ فار آل چیلنج کو پورا کرنے کے لیے تیار کیے گئے ہیٹ پمپ یونٹس رہائشیوں کے زیر قبضہ اپارٹمنٹس میں موجودہ ہیٹ پمپ ٹیکنالوجیز کی تنصیب میں پہلے سے ملنے والے کئی لاگتی محرکات، بشمول الیکٹریکل سسٹم اپ گریڈز، ریفریجرینٹ کی لمبی پائپنگ اور دیوار میں ڈرلنگ اور ادخال کو کم یا ختم کر کے، کثیر خاندانی عمارتوں کی جگہ کے مطابق ہیٹنگ کو تیز رفتار، کم لاگت برق کاری کے قابل بنائیں گے۔

Midea America، جسے 20,000 یونٹس کا معاہدہ دیا گیا تھا، ایک عالمی آلات بنانے والی کمپنی ہے جس کی بنیاد 1968 میں چین اور امریکہ میں صدر دفاتر کے قیام کے ساتھ رکھی گئی، جس کی دنیا بھر میں 11 فیکٹریاں ہیں، اور سالانہ پیداوار 67 ملین یونٹس ہے۔ وہ انرجی سٹار ریٹیڈ ونڈو ACs، ڈی ہیومیڈیفائرز اور دیگر پیکیجڈ ACs کے مطابق روم ایئر کنڈیشننگ کی مارکیٹ میں قائدانہ حیثیت رکھتے ہیں۔

2015 میں قائم کیا گیا، گریڈینٹ سان فرانسسکو، کیلیفورنیا میں قائم ایک سٹارٹ اپ ہے جسے 10,000 یونٹس تیار کرنے کا معاہدہ دیا گیا تھا۔ مجوزہ یونٹ سرد موسم کا ہیٹ پمپ ہو گا جو NYCHA کی خصوصیات کی بنیاد پر کم درجہ حرارت میں کام کرنے کے قابل ہو گا۔ کمپنی اس پروڈکٹ کو ریاست ہائے متحدہ میں مقامی طور پر تیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

<u>کلین ہیٹ فار آل چیلنج</u>

کلین ہیٹ فار آل چیلنج ریاست نیویارک کے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (آب و ہوا ایکٹ) اور نیویارک سٹی آب و ہوا کے موبلائزیشن ایکٹ (New York City Climate Mobilization Act) کے اہداف کی براہ راست حمایت کرتا ہے، جو دونوں سال 2030 تک عمارتوں سے گرین ہاؤس گیسوں کے خروج میں 40 فیصد کمی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ NYCHA کے 2,198 رہائشی عمارتوں کے پورٹ فولیو سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، کلین ہیٹ فار آل کو NYCHA کو اس ٹیکنالوجی کے ابتدائی اختیار کرنے والے کا منصب دے کر امریکہ میں اس پروڈکٹ کی جدت اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، جبکہ NYCHA کے رہائشیوں کو حرارت اور ٹھنڈک کا جدید نظام بھی فراہم کیا گیا ہے جسے وہ براہ راست کنٹرول کر سکتے ہیں۔

NYCHA نے اگلے 5-10 سالوں میں تقریباً 156,000 سرد موسم والے ونڈو ہیٹ پمپس کی ضرورت کا تخمینہ لگایا ہے تاکہ نیویارک سٹی کے مقامی قانون 97 کے مطابق 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں میں 80 فیصد کمی حاصل کرنے کے لیے اپنے پورٹ فولیو کو برقی بنا سکے۔ NYCHA سے آگے، اس طرح کا یونٹ دوسرے بڑے پورٹ فولیو مینیجرز بشمول دیگر عوامی قابل استطاعت ہاؤسنگ آپریٹرز اور یونیورسٹیوں پر لاگو ہو گا۔

NYPA چیلنج پر عملدرآمد کے لیے پیشگی مالی اعانت اور معاونت کر رہا ہے اور NYSERDA علاقائی گرین ہاؤس گیس کے اقدام کی عمل کاری کے منصوبے (Regional Greenhouse Gas Initiative Operating Plan) کے ذریعے منظور شدہ فنڈز کے ساتھ ابتدائی خریداری، نگرانی اور کارکردگی کے جائزے سمیت، عملی مرحلے کے لیے 13$ ملین فراہم کر رہا ہے۔ NYCHA نئے آلات کی خریداری اور تنصیب کے ساتھ ساتھ عمارتی حفاظتی حصاروں اور گھریلو گرم پانی کے نظاموں میں اضافی بہتریاں فراہم کرنے کے لیے - 250 ملین ڈالر کی اضافی سرمایہ کاری کرے گا - جس میں آج کے اعلان کردہ 70$ ملین اس اقدام کے لیے شامل ہیں۔

<u>NYCHA کے کلین انرجی کے دیگر اقدامات</u>

اس سرمائے کی فراہمی کو بڑھانے کے لیے، NYCHA فیڈرل ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی (Federal Emergency Management Agency، FEMA) اور ریاست نیویارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات (New York State Division of Homeland Security and Emergency Services، NYS-DHSES) کے ساتھ کام کر رہا ہے تاکہ کئی ایسے ترقیاتی کاموں پر فنڈنگ حاصل کی جا سکے جو صدارتی طور پر اعلان کردہ، سمندری طوفان آفت آئیڈا (Ida) کی باقیات سے متاثر ہوئے تھے۔ جہاں بحالی میں ہیٹنگ سسٹمز کی بحالی شامل ہے اور/یا دوسری صورت میں یہ ان سسٹمز کے ساتھ جا ملتی ہے، NYCHA ان ایجنسیوں کے ساتھ کام کرے گا تاکہ ان سسٹمز کی بحالی میں اس فنڈنگ ذریعہ (دونوں بحالی کی فنڈنگ اور لاگتی لحاظ سے مؤثر تخفیف کے لیے فنڈنگ) سے، جہاں قابل اطلاق ہو فائدہ اٹھایا جائے۔

کلین ہیٹ فار آل چیلنج کے ساتھ مل کر، NYCHA اور فنڈ برائے عوامی ہاؤسنگ ایک کلین انرجی اکیڈمی بھی شروع کر رہے ہیں تاکہ NYCHA کے رہائشیوں کو برق کاری اور کلین انرجی کے پیشوں میں کام پر لگایا جا سکے۔ فنڈ برائے عوامی ہاؤسنگ، NYSERDA کی گرانٹ اور نیویارک پاور اتھارٹی، نیشنل گرڈ، نارتھ لائٹ فاؤنڈیشن، ٹرنٹی چرچ وال اسٹریٹ فلانتھروپیز، اور رائز لائٹ اینڈ پاور کی گراں قدر امداد کے ساتھ، اپنی اکیڈمی کے

پہلے دو سال، کلین انرجی میں کیریئر کے لیے گریجویٹس کو تیار کرنے میں، 100 عوامی ہاؤسنگ رہائشیوں کو تربیت دے گا۔ کلین انرجی اکیڈمی کی ترقی کے ساتھ، NYCHA اپنی عمارتوں کی تخفیفِ کاربن کرنے کی کوششوں کے حصے کے طور پر عوامی ہاؤسنگ کے رہائشیوں کے لیے کلین انرجی ملازمتوں کو ترجیح دینا جاری رکھے گا۔

جون میں، گورنر Hochul نے نیویارک سٹی پبلک ہاؤسنگ پریزرویشن ٹرسٹ (New York City Public Housing Preservation Trust)، ایک عوامی فائدے کی کارپوریشن کی تشکیل کے لیے [آئین سازی پر دستخط](#) کیے، جو NYCHA کو NYCHA کے زیر کنٹرول 25,000 اپارٹمنٹس کی مرمت، بحالی اور جدت کاری کے لیے فنڈز میں بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ یہ ٹرسٹ ان گھروں کو کم خرچ رکھنے کی ضمانت بھی ان حقوق کا تحفظ کر کے دیتا ہے جو یقینی بناتے ہیں کہ رہائشی اپنی آمدنی کا صرف 30 فیصد کرائے کی مد میں ادا کریں، رہائشیوں کے پاس وراثت کے تمام موجودہ حقوق برقرار رہیں، کم آمدنی والے رہائشیوں کے لیے اپارٹمنٹس کی دستیابی برقرار رہے؛ اور یہ کہ خالی ہونے والے اپارٹمنٹس کا NYCHA کی فہرست انتظار کے مطابق پُر کیا جانا جاری رہے۔

ریاستی سینیٹر Kevin Parker نے کہا، "میں کلین ہیٹ فار آل چیلنج میں تازہ ترین سنگِ میل کے بارے میں بالخصوص پُرجوش ہوں جو NYCHA کی سہولت گاہوں کے لیے 30,000 نئے حرارتی پمپ یونٹس تیار کرنے اور بنانے میں 70$ ملین کی سرمایہ کاری کرے گا۔ یہ سرمایہ کاری نمبر ون توانائی کے صارف اور ایک سب سے زیادہ CO2 خارج کرنے والی عمارتوں کی جانب سے اخراجات کو کم کرتے ہوئے مقامی قانون 97 اور ہمارے CLCPA اہداف کے مطابق ہے۔ شاید، سب سے اہم طور پر، یہ CLCPA کے اہم مقصد کو حقیقت کا روپ دینے میں ایک مرکزی کردار ادا کرے گا جس کے لیے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ماحولیاتی انصاف اور نظرانداز شدہ کمیونٹیز کو ریاست کے صاف توانائی کے انقلاب میں ترجیح دی جائے۔ ماحولیاتی منصفانہ کمیونٹیز میں مؤثر اور سستے صاف حرارتی اور ٹھنڈک کے سلوشنز پیش کرنے میں نااہلی، وہ بڑی رکاوٹیں ہیں جو مجموعی طور پر ہمارے کاربن فٹ پرنٹ کو مؤثر انداز میں کم کرنے کی راہ میں حائل ہیں اور NYCHA عمارتوں کو ہیٹ پمپ ٹیکنالوجی فراہم کرتے ہوئے اس مسئلے پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ میں ڈیک کے اشتراک پر اس مشترکہ کوشش کو سراہتا ہوں، جو NYPA ،NYCHA، اور NYSERDA کی جانب سے تجاویز کی پیشکش کی گواہ ہے اور وفاقی اور ریاستی فنڈنگ وصول کر رہی ہے۔ یہ ماحولیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی انصاف کی ہم آہنگی کی ایک سچی مثال ہے۔"

ریاستی سینیٹر Jessica Ramos نے کہا، "ووڈسائیڈ ہاؤسز میں میرے گردونواح کو گرم کرنے والے بوائلرز طوفان آئیڈا سے بہہ گئے تھے، جس کی وجہ سے موسمِ سرما کے دوران گرمائش کا سلسلہ پائیدار نہیں رہا تھا۔ اس سے بھی پہلے، مجھے یاد پڑتا ہے کہ مجھے یہاں ووڈسائیڈ ہاؤسز میں ایک بچی کے طور پر اپنی دوست کو ملنے کے لیے جاتے ہوئے بہت کچھ پہن کر جانا پڑتا تھا، کیونکہ ان کا گرمائش کا ناقص بنیادی ڈھانچہ کام کو پوری طرح انجام نہیں دیتا تھا۔ یہاں سب کے لیے کلین ہیٹ کو لانچ کرنا اس بات کا اظہار ہے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ پائیدار فرنٹ لائن ماحولیاتی کمیونٹیز بنانا کیسا لگتا ہے۔ اس پروجیکٹ کے ساتھ، نیویارک ایک اور اہم قدم اٹھائے گا تاکہ ریاست کو CLCPA کی جانب سے طے کردہ اہداف کو پورا کرنے کی راہ پر گامزن کیا جائے۔"

رکن اسمبلی Michael Cusick نے کہا، "آج کا اعلان ہماری عمارتوں کو کاربن سے پاک کرنے اور ایک زیادہ صاف اور بچت کرنے میں زیادہ مؤثر توانائی کا گرڈ بنانے کے لیے ہماری ریاست بھر کی کوششوں کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ NYCHA رہائشی ترقیاتی کام کے لیے ہیٹ پمپس میں یہ سرمایہ کاری نہ صرف ہمارے توانائی اور ماحولیاتی اہداف کو حاصل کرنے کی ہماری کوششوں میں ہماری مدد کرے گی، بلکہ شہر بھر میں ہزاروں NYCHA رہائشیوں کے لیے صاف اور قابلِ اعتماد توانائی کو یقینی بنائے گی۔"

رکن اسمبلی Brian Barnwell نے کہا، "بہت عرصے سے NYCHA کے رہائشی، بالخصوص ووڈسائیڈ ہاؤسز کے رہائشیوں کو کوئی گرمائش حاصل نہیں تھی۔ ہر موسمِ سرما میں، ہم نے اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے شکایات پر شکایات کیں۔ گورنر Hochul کا شکریہ کہ انہوں نے دوسروں کی جانب سے برسوں کی وعدہ شکنی کے بعد زندگی یا موت کے اس مسئلے کو حل کیا ہے۔ یہ سرمایہ کاری زندگیاں بچانے میں مدد کرے گی۔"

کوئینز بورو کے صدر Donovan Richards Jr. نے کہا، "بہت عرصے سے، ہمارے NYCHA کے ترقیاتی کاموں کا بنیادی ڈھانچہ شکستگی کا شکار ہو رہا تھا، جس کے دوران عوامی ہاؤسنگ میں ہمارے خاندان نظر انداز اور غفلت کا شکار ہو رہے تھے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے رہائشیوں نے جھلساتی ہوئی گرمیوں کے دن اور سردیوں کی ٹھٹھرتی ہوئی راتیں کسی وسائل کے بغیر- یا کسی احترام کے بغیر - یا ان عمارتوں کے کاربن کے اخراجات پر توجہ کے بغیر گزاری ہیں۔ لیکن کلین ہیٹ فار آل چیلنج ایک اہم پہلا قدم ہے جو ہزاروں خاندانوں کی کہانی کو بدل کر رکھ دے گا۔ NYCHA کے مقامات کو توانائی کی زیادہ بچت کرنے والے مقامات بناتے ہوئے ہماری کمیونٹی میں صاف توانائی والی ملازمتیں تخلیق کرنے سے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ہمارے خاندانوں کے ساتھ احترام کے اس بنیادی احساس کے ساتھ سلوک روا رکھا جا رہا ہے کہ انسان ہونے کے ناتے وہ جس کے مستحق ہیں، کلین ہیٹ فار آل چیلنج ہماری شہر کی ایک جیت ہے۔ میں گورنر Hochul کے ساتھ اور اس اہم اقدام میں ہمارے تمام شرکاء کے ساتھ کام کرنے کے لیے منتظر ہوں۔"

نیویارک شہر کی چیف ہاؤسنگ افسر Jessica Katz نے کہا، "NYCHA کے رہائشیوں نے جما دینے والی سردیوں اور ابلتی ہوئی گرمیوں کا بہت مدت تک سامنا کیا ہے۔ شہر بھر میں اور امید ہے کہ ملک بھر میں گھروں کے لیے زیادہ صاف، زیادہ قابلِ اعتماد ہیٹنگ اور کولنگ کے ماڈل کے طور پر، کلین ہیٹ فار آل چیلنج کی وجہ سے عوامی ہاؤسنگ کے رہائشی، کاربن کی تخفیف کرنے کی ہماری کوششوں کی صفِ اول میں آ جائیں گے۔ یہ 70$ ملین کی سرمایہ کاری ایک ناقابلِ یقین قدم ہے جو ماحول کو تبدیل کرنے کی جانب اٹھایا گیا ہے جس کا اثر نہ صرف نئی ونڈو یونٹ والے گھروں میں رہنے والوں پر پڑے گا بلکہ مجموعی طور پر ہمارے شہر پر بھی پڑے گا۔ نیویارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority) اور نیویارک ریاست توانائی کی تحقیق اور ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority) کا شکریہ کہ انہوں نے NYCHA کے رہائشیوں اور ایک مزید سرسبز مستقبل کی معاونت میں شراکت داری کی۔"

نیویارک شہر کے چیف ماحولیاتی افسر Rohit T. Aggarwala نے کہا، "NYCHA and NYPA کے درمیان ہونے والی شراکت داری، تاکہ نئی گرین ٹیکنالوجیز اور پاتھ ویز بنائے جائیں تاکہ انہیں رہائشی عمارتوں کے بڑے پورٹ فولیو میں لاگو کیا جائے، یہ کام تمام جائیداد مالکان کے لیے اس وقت ایک مثال قائم کرے گا جب ہم مقامی قانون 97 لاگو کریں۔ پانچ بوروز میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کا سب سے بڑا ذریعہ عمارتیں ہیں، اور اس قسم کے جدت آمیز پروجیکٹس ہیں جو ہمارے اہم ماحولیاتی اہداف کو پوراکرنے میں ہماری مدد کریں گے۔"

نیویارک شہر کے محکمہ برائے عمارات کے کمشنر Eric A. Ulrich نے کہا، "میں میئر Adams اور گورنر Hochul کو سراہتا ہوں کہ انہوں نے آگے کی سوچ رکھنے والے عملی منصوبے کے ذریعے مثال قائم کی، جدت اور سرمایہ کاری کے ذریعے نجی عمارتوں کے مالکان کو دکھایا، کہ ہم اپنی عمارتوں میں سے آنے والی نقصان دہ گرین ہاؤس گیسوں کو کم کرنے میں واقعی پیش رفت کر سکتے ہیں۔"

نیویارک شہر کے میئر کے دفتر برائے موسمیات اور ماحولیاتی انصاف کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Kizzy Charles-Guzman نے کہا، "کلین ہیٹ فار آل چیلنج کے ذریعے جو ٹیکنالوجی تیار کی گئی ہے وہ مارکیٹ کے لیے انقلابی ثابت ہو گی اور عمارتوں کو صاف ہیٹنگ اور کولنگ اپنانے میں جن مشکلات کا سامنا ہے انہیں دور کرنے میں مدد کرے گی۔ ہیٹ پمپس جو زیادہ صاف ہوا، بہتر سکون، اور سلامتی فراہم کرتے ہیں وہ ہماری کمیونٹیز کی صحت کے لیے اہم ہے، اور یہ شراکت داری سستی ہاؤسنگ مارکیٹ سے کہیں زیادہ اثرات مرتب کرے گی: یہ مقامی گرین جابز پیدا کرے گی، نیویارک شہر کی کوششوں کی معاونت کرے گی تاکہ ElectrifyNYC جیسے پروگراموں کے ذریعے گھریلو مالکان کی مدد کی جائے اور ماحولیاتی بحران پر قابو پاتے ہوئے شہر اور ریاست کی قیادت کا اظہار جاری رکھا جائے۔"

نیویارک شہر کی کونسل ممبر Julie Won نے کہا، "اگست 2021 سے، NYCHA ووڈسائیڈ ہاؤسز میں ہمارے گردونواح گرمائش اور گرم پانی کے بغیر جیتے آئے ہیں۔ طوفان آئیڈا پرانے ہیٹنگ پلانٹس بہا کر لے گیا تھا، اور وہ دوبارہ کبھی مرمت نہیں ہوئے۔ سستے، ماحول دوست حرارتی وسائل تک رسائی ایک ضرورت ہے۔ ہم پہلے ہی دیکھ چکے ہیں کہ ہلاکت خیز سردیوں میں ہمارے کتنے رہائشی گرمائش کے بغیر رہ رہے تھے، جیسے وہ لوگ جنہوں

نے برونکس میں ٹوئن پارکس کمپلیکس میں آگ کا سامنا کیا تھا۔ کلین ہیٹ فار آل اس بات کو یقینی بنانے کے لیے لازمی ہے کہ ہمارے NYCHA کے رہائشی شدت کے دنوں میں گرمی یا سردی کے شکار نہ ہوں۔ ہمارے شہر کے NYCHA کمپلیکسز میں 150,000 برقی ہیٹ پمپس انسٹال کرنا سرسبز نیویارک کی جانب ایک اہم قدم ہے اور اس لانچ کے دوران ووڈسائیڈ ہاؤسز کو ترجیح دینے پر میں گورنر Kathy Hochul اور میئر Adams کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔

Midea America کے تحقیقی مرکز رہائشی ایئر کنڈیشننگ R&D مینیجر Adam Schultz نے کہا،"Midea کو اس بات پر خوشی ہے کہ وہ ان نئی ٹیکنالوجیز کی تخلیق کی رہنمائی کر رہے ہیں جو ہیٹنگ اور کولنگ کے لیے توانائی کی مزید بچت اور ماحول دوست طریقوں کی معاونت کر سکتی ہیں۔ Midea جدت پذیر ہیٹ پمپ اور انورٹر ٹیکنالوجیز سمیت، ایئر کنڈیشننگ کی جدید مصنوعات بنانے کی ایک بھرپور تاریخ رکھتا ہے۔ نتیجے کے طور پر، 'کلین ہیٹ فار آل چیلنج' کے لیے ہم نے جو مصنوعہ تیار کی ہے وہ جدت کا اگلا قدم ہے، جو بچت کی بہت اعلیٰ سطحوں پر سرد آب و ہوا کے ایک ونڈو ہیٹ پمپ کی فراہمی کے لیے ہماری مہارت کی دہائیوں پر محیط ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ یہ مصنوعہ ایک شاندار قدم ہے کہ صاف توانائی کے اہداف حاصل کیے جائیں جن کی شہر اور ریاست کو اشد ضرورت ہے اور جو ایک مضبوط شراکت داری کی شروعات ہے۔"

گریڈیئنٹ کے CEO Vince Romanin نے کہا،"مقامی قانون 97 کو متعارف کروانے کے ساتھ، نیویارک شہر نے ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف ہنگامی لڑائی میں ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ شمالی امریکا میں سب سے بڑی عوامی ہاؤسنگ اتھارٹی کے طور پر، NYCHA کو LL97 کے ساتھ ایک دلچسپ چیلنج کا سامنا ہے: ہیٹ پمپس کو ایسی عمارتوں میں لگانا جو ان کے مطابق تیار نہیں کی گئی تھیں۔ جیسے کہ ہمارے کئی صارفین کو معلوم ہوا ہے کہ پرانی عمارتوں میں چھوٹے-سپلٹ ہیٹ پمپس انسٹال کرنا مہنگا اور پیچیدہ کام ہو سکتا ہے۔ جس طریقے سے NYCHA نے کلین ہیٹ فار آل چیلنج کے ذریعے برقی ہیٹنگ اور مؤثر AC کو فروغ دیا ہے وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ اپنے رہائشیوں کے آرام اور اپنے بنیادی ڈھانچے کی پائیداری کے لیے پرعزم ہیں۔ یہ شراکت داری گریڈیئنٹ کے تصور کی ایک بڑی تصدیق ہے کہ نیویارک سٹی میں اور اس کے باہر عمارتوں میں بڑی حد تک کاربن کی تخفیف کی جائے۔"

فنڈ برائے عوامی ہاؤسنگ کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Alex Zablocki نے کہا، "فنڈ برائے عوامی ہاؤسنگ کو اس بات پر فخر ہے کہ انہوں نے عوامی ہاؤسنگ کے رہائشیوں کو اکیسویں صدی کے کیرئیر میں کام کے لیے تیار کرتے ہوئے، کلین انرجی اکیڈمی کو لانچ کر کے اس جدت آمیز عوامی-نجی شراکت داری کی معاونت کی ہے۔ NYCHA میں ہمارے شرکاء کے ساتھ، اور حکومتی ایجنسیوں اور نجی سیکٹر کی جانب سے معاونت کے ساتھ، کلین انرجی اکیڈمی رہائشیوں کو اس بڑھتے ہوئے سیکٹر میں نئی مہارتیں سیکھنے اور ایک کیرئیر کو آگے بڑھانے کا موقع فراہم کرتے ہوئے دو سال کے اندر NYCHA 100 رہائشیوں کو عمارتی برق کاری اور صاف توانائی میں کیرئیرز کے لیے تیار کرے گی۔ اکیڈمی NYCHA کے کاربن کی تخفیف کرنے کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے ایک خصوصی تشکیل شدہ نصاب فراہم کرے گی۔ صرف ہمارے شرکاء کی کثیر سالہ انسان دوست معاونت اور تکنیکی مہارت کے ساتھ ہی یہ پروگرام ممکن ہے۔"

ووڈسائیڈ ہاؤسز ٹینینٹ ایسوسی ایشن کی صدرAnnie Cotton-Morris نے کہا، "آج، گورنر Hochul اور میئر Adams نے ایک طاقتور پیغام دیا ہے جو NYCHA کے رہائشیوں کی جانب سے ہے کہ: ہم بہتر کے مستحق ہیں۔ یہ ملٹی ملین ڈالر سرمایہ کاری NYCHA کو جدت پذیر صاف توانائی کے قریب تر کر دے گی جبکہ کرائے داروں کو بالآخر ایک گرمائش والے گھر کا سکھ ملے گا۔ میں گورنر اور میئر کی شکرگزار ہوں کہ وہ NYCHA کے رہائشیوں کے ساتھ کھڑے ہوئے اور نیویارک میں رہائش کے مسئلے کو حل کرنا جاری رکھنے کے لیے اپنی شراکت داری کے خواہاں ہیں۔"

نیویارک ریاست کا قومی رہنما ماحولیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری

رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں $35 بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے $1.8 بلین، $1 بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور $1.6 بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ موسمیاتی ایکٹ کے تحت، نیویارک اس پیش رفت کو آگے لے کر جائے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراج کو 1990 کی سطحوں سے 85 فیصد کم کرے گا، جبکہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ کم از کم 35 فیصد کو پسماندہ کمیونٹیز پر لگایا جائے، اور حتمی استعمال کی توانائی کی بچتوں کے 185 ٹرلین BTUs تک توانائی کے آن سائٹ استعمال کو کم کرنے کے ریاست کے 2025 کے توانائی کی بچت کے مؤثر ہدف کی جانب پیش رفت کی جائے۔

<u>NYCHA کے بارے میں</u>

نیویارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (NYCHA)، شمالی امریکا میں سب سے بڑی عوامی ہاوسنگ اتھارٹی ہے، جو 1935 میں قائم ہوئی تاکہ کم اور درمیانی آمدنی والے نیویارک کے رہائشیوں کے لیے معقول، سستی رہائش فراہم کی جائے۔ NYCHA نیویارک کے ہر 16 رہائشیوں میں 1 کو گھر فراہم کرتی ہے جو 335 رہائشی ترقیاتی کاموں کے اندر 177,000 اپارٹمنٹس سے زائد پر مشتمل ہے۔ NYCHA روایتی عوامی رہائشی پروگرام (سیکشن 9)کے ذریعے 339,000 رہائشیوں، ان ترقیاتی کاموں میں 29,000 سے زائد رہائشیوں کہ جن کو PACT/RAD میں تبدیل کر دیا گیا ہے اور وفاقی کرائے کی سبسڈیز کے ذریعے 92,000 خاندانوں کے کام آتی ہے (سیکشن 8 لیز شدہ ہاؤسنگ پروگرام (Leased Housing Program)۔ مزید یہ کہ، NYCHA رہائشیوں کو مالی خودکفالت، کاروباری ترقیاتی کاموں، کیریئر کی پیش رفت، اور تعلیمی پروگرامز میں مواقع سے مربوط کرتی ہے۔ تمام پانچ بوروز میں پھیلے ہوئے رہائشی سٹاک کے ساتھ، NYCHA شہر کے اندر آباد ایک شہر ہے۔

<u>NYPA کے بارے میں</u>

NYPA ملک میں کسی ریاست کا بجلی کا سب سے بڑا ادارہ ہے، جو 16 پیداواری تنصیبات اور 1,400 سرکٹ میل سے زائد ترسیلی لائنیں چلاتا ہے۔ NYPA جو بجلی پیدا کرتا ہے اس کا 80 فیصد سے زیادہ صاف قابلِ تجدید پن بجلی ہے۔ NYPA ٹیکس کی رقم یا ریاستی کریڈٹ استعمال نہیں کرتا ہے۔ یہ بانڈز کی فروخت اور بجلی کی فروخت کے ذریعے بڑے حصے میں حاصل ہونے والی آمدنی کے ذریعے اپنے کاموں کو مالی اعانت فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں <u>www.nypa.gov</u> اور ہمیں ٹوئٹر @ NYPAenergy، Facebook، Instagram، Tumblr اور LinkedIn پر فالو کریں۔

<u>NYSERDA کے بارے میں</u>

NYSERDA، ایک عوامی مفاد کی کارپوریشن، نیویارک کے مکینوں کو توانائی کی کارکردگی بڑھانے، پیسے بچانے، قابلِ تجدید توانائی استعمال کرنے، اور پیٹرول اور ڈیزل پر انحصار کم کرنے میں مدد کے لیے معروضی معلومات اور تجزیہ، اختراعی پروگرام، تکنیکی مہارت، اور فنڈنگ پیش کرتی ہے۔ NYSERDA کے ماہرین ماحول کی حفاظت اور صاف توانائی سے متعلق ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے کام کرتے ہیں۔ NYSERDA سنہ 1975 سے ریاست نیویارک میں توانائی کے جدید حل کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں تیار کر رہی ہے۔
NYSERDA کے پروگراموں اور فنڈنگ کے مواقع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، <u>nyserda.ny.gov</u> پر جائیں یا ہمیں <u>ٹویٹر</u>، <u>فیس بک</u>، <u>یوٹیوب</u>، یا <u>انسٹاگرام</u> پر فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov

ان سبسکرائب کریں